# تعارف وتبصرۂ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

—— (۱) ——

نام کتاب : سلام کے احکام وآداب
مصنف : محمد تنویر عالم بن محمد عبدالرشید ندوی
ضخامت : 144 صفحات
قیمت : 60 روپے
ناشر : نور اسلام اکیڈمی، پوسٹ بکس 5166 لاہور
ملنے کا پتہ : مکتبہ نور اسلام، رحمٰن مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اردو بازار لاہور

© rasailojaraid.com

جب دو مسلمان آپس میں ملتے ہیں تو ایک دوسرے کو سلام کرتے ہیں۔ سلام دعائیہ الفاظ ہیں جن کے ذریعے وہ ایک دوسرے کے لئے عافیت اور سلامتی کی دعا کرتے ہیں۔ اسلام اتحاد و اتفاق، پیار و محبت اور حسن اخلاق کی تعلیم دیتا ہے۔ جب دو مسلمان آپس میں ایک دوسرے کو سلام کرتے ہیں تو ان کے اندر اپنائیت کے احساس کے ساتھ الفت اور محبت کے جذبات بھی پیدا ہوتے ہیں۔ قرآن کریم میں اللہ کے نبیوں اور رسولوں پر سلام کیا گیا ہے۔ نیز یہ تعلیم دی گئی ہے کہ جب تمہیں کوئی سلام کرے تو تم اس کو بہتر الفاظ میں دعا دو یا پھر سلام کے وہی الفاظ اس کے لئے لوٹا دو۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''...... اور تم صاحب ایمان نہیں ہو سکتے جب تک آپس میں محبت نہ کرو۔ میں تمہیں وہ چیز نہ بتاؤں جو محبت کو تمہارے (دلوں کے) اندر جما دے؟ آپس میں خوب سلام کیا کرو''۔

چونکہ قرآن وسنت میں سلام پھیلانے اور عام کرنے کی ترغیب دی گئی ہے اس لئے ضروری ہے کہ ہر مسلمان سلام کے احکام وآداب سے آگاہ ہو۔ اسی ضرورت کو پورا کرنے کے لئے مصنف نے یہ کتاب لکھی ہے جس میں موضوع پر سیر حاصل

© rasailojaraid.com